سوال

(221) کسی چیز کی حفاظت کے لئے پڑھ کر پھونکنا

جواب

السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

کیا کسی بے جان چیز پر حفاظت کے لیے پڑھ کر پھونک سکتے ہیں۔ جیسے دکان وغیرہ بند کر کے جاتے ہوئے پڑھ کر پھونکنا۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃاللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بظاہر تو اس عمل میں کوئی ممانعت معلوم نہیں ہوتی ہے، بلکہ متعدد علماء کرام کو دیکھا ہے کہ وہ رات کو سوتے وقت آیت الکرسی پڑھ کر اپنے گھر کو پھونک مار دیتے ہیں۔ اور آیت الکرسی کے بارے میں حدیث سے ثابت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے سیدنا ابو ہریرہ کو مال غنیمت کی حفاظت پر مقرر کیا اور شیطان مردود چور بن کر مال کی چوری کرنے کے لئے آگیا، دو تین دن تک آتا رہا، اور تیسرے دن آیت الکرسی کے بارے میں بتلا گیا کہ آپ رات کو سوتے وقت آیت الکرسی پڑھ لیں تو صبح تک اللہ کی طرف سے ایک محافظ مقرر ہو جاتا ہے اور شیطان تیرے قریب نہیں آئے گا۔ اس کے بارے میں نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

أَمَا إِنَّهُ قَدْ صَدَقَكَ وَهُوَ كَذُوبٌ (بخاری: 2311)

اس نے آپ سے سچ بولا ہے لیکن وہ خود جھوٹا ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتویٰ کمیٹی

محدث فتویٰ